روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029
FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 9 جنوری 2009ء 11 محرم 1430 ہجری 9 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 6

گناہوں کو نابود کرتا ہے

حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنا اس سے کہیں بڑھ کر گناہوں کو نابود کرتا ہے جتنا کہ ٹھنڈا پانی پیاس کو۔ اور آپؐ پر سلام بھیجنا گردنوں کو آزاد کرنے سے بھی زیادہ فضیلت رکھتا ہے اور آپ کی محبت اللہ کی راہ میں جان دینے یا جہاد کرنے سے بھی افضل ہے۔

(تفسیر در منثور جلد6ص654)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اس نور کی مثال (فرد کامل میں جو پیغمبر ہے) یہ ہے جیسے ایک طاق (یعنے سینۂ مشروح حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم) اور طاق میں ایک چراغ (یعنے وحی اللہ) اور چراغ ایک شیشہ کی قندیل میں جو نہایت مصفّٰی ہے۔ (یعنے نہایت پاک اور مقدس دل میں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دل ہے جو کہ اپنی اصل فطرت میں شیشۂ سفید اور صافی کی طرح ہر یک طور کی کثافت اور کدورت سے منزہ اور مطہر ہے اور تعلقات ماسوی اللہ سے بکلی پاک ہے) اور شیشہ ایسا صاف کہ گویا ان ستاروں میں سے ایک عظیم النور ستارہ ہے جو کہ آسمان پر بڑی آب وتاب کے ساتھ چمکتے ہوئے نکلتے ہیں جن کو کوکب دُرّی کہتے ہیں (یعنے حضرت خاتم الانبیاء کا دل ایسا صاف کہ کوکب دُرّی کی طرح نہایت منور اور درخشندہ جس کی اندرونی روشنی اس کے بیرونی قالب پر پانی کی طرح بہتی ہوئی نظر آتی ہے) وہ چراغ زیتون کے شجرۂ مبارکہ سے (یعنی زیتون کے روغن سے) روشن کیا گیا ہے (شجرۂ مبارکہ زیتونؔ سے مراد وجود مبارک محمدی ہے کہ جو بوجہ نہایت جامعیت وکمال انواع واقسام کی برکتوں کا مجموعہ ہے جس کا فیض کسی جہت ومکان وزمان سے مخصوص نہیں۔ بلکہ تمام لوگوں کے لئے عام علی سبیل الدوام ہے اور ہمیشہ جاری ہے کبھی منقطع نہیں ہوگا) اور شجرۂ مبارکہ نہ شرقی ہے نہ غربی (یعنے طینت پاک محمدیؐ میں نہ افراط ہے نہ تفریط۔ بلکہ نہایت توسط واعتدال پر واقع ہے اور احسن تقویم پر مخلوق ہے اور یہ جو فرمایا کہ اس شجرۂ مبارکہ کے روغن سے جو چراغ وحی روشن کیا گیا ہے۔ سو روغن سے مراد عقل لطیف نورانی محمدی معہ جمیع اخلاق فاضلہ فطرتیہ ہے جو اس عقل کامل کے چشمۂ صافی سے پروردہ ہیں اور وحی کا چراغ لطائف محمدیہ سے روشن ہونا ان معنوں کر کے ہے۔ کہ ان لطائف قابلہ پر وحی کا فیضان ہوا۔ اور ظہور کا موجب وہی ٹھہرے۔ اور اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ فیضان وحی ان لطائف محمدیہ کے مطابق ہوا۔ اور انہیں اعتدالات کے مناسب حال ظہورؔ میں آیا کہ جو طینت محمدیہ میں موجود تھی۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ ہر یک وحی نبیٔ منزل علیہ کی فطرت کے موافق نازل ہوتی ہے۔ جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مزاج میں جلال اور غضب تھا۔ توریتؔ بھی موسوی فطرت کے موافق ایک جلالی شریعت نازل ہوئی۔ حضرت مسیح علیہ السلام کے مزاج میں حلم اور نرمی تھی۔ سو انجیلؔ کی تعلیم بھی حلیم اور نرمی پر مشتمل ہے۔ مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مزاج بغایت درجہ وضع استقامت پر واقعہ تھا نہ ہر جگہ حلم پسند تھا اور نہ ہر مقام غضب مرغوب خاطر تھا۔ بلکہ حکیمانہ طور پر رعایت محل اور موقعہ کی ملحوظ طبیعت مبارک تھی۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد1ص 192)

ماہنامہ انصاراللہ کی قیمت میں اضافہ

۞ مہنگائی کی موجودہ لہر نے جہاں دیگر شعبہ ہائے زندگی کو متاثر کیا ہے وہاں طباعت اور کاغذ کی قیمت میں دوگنا سے بھی زیادہ اضافہ ہو چکا ہے۔ لہٰذا رسالہ ماہنامہ انصاراللہ کی قیمت میں اضافہ ناگزیر ہے۔ چنانچہ مجلس عاملہ انصاراللہ پاکستان ربوہ کی منظوری سے جنوری 2009ء سے رسالہ ماہنامہ انصاراللہ کی قیمت -/15 روپے فی شماہ جبکہ سالانہ چندہ -/150 روپے مقرر کیا گیا ہے۔ نیز بیرون پاکستان خریداری کے لئے سالانہ چندہ پاکستانی -/4500 روپے، یورپ 50 یورو اور امریکہ وکینیڈا 50 ڈالر امریکن مقرر فرمائی ہے۔ خریدار ایجنسی ہولڈرز نوٹ فرمالیں۔

(مینیجر ماہنامہ انصاراللہ ربوہ پاکستان)

داخلہ کمپیوٹر کورس

(مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

۞ خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام مندرجہ ذیل کورس کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ داخلہ کے خواہشمند خدام اپنی درخواستیں دفتر خدام الاحمدیہ میں جمع کروا دیں۔ داخلہ فارم دفتر سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کلاسز 15 جنوری سے شروع ہوں گی۔

Computer Introduction Windows Basics, MS Office, Inpage

دورانیہ 1 ماہ   فیس کورس -/1000 روپے

(طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ ایوان محمود ربوہ)

ماہر امراض معدہ وجگر کی آمد

۞ مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر مورخہ 11 جنوری 2009ء کو ایڈمنسٹریشن بلاک میں 10:00 بجے صبح مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت مند احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ بھارت

5

کیرالہ میں 5 بیوت الذکر کا افتتاح۔ عہدیداران کو ہدایات اور عشائیہ سے خطاب

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

29 نومبر 2008ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہوٹل میں نماز کے لئے مخصوص کئے گئے ہال میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے اپارٹمنٹ میں تشریف لے گئے۔

5 بیوت الذکر کا افتتاح

پروگرام کے مطابق صبح دس بجے بیت عمر ارنا کولم کی افتتاحی تقریب کے لئے روانگی ہوئی۔ دس بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی پولیس کے Escort میں احمدیہ سنٹر ارنا کولم بیت عمر تشریف آوری ہوئی۔ جہاں ارنا کولم زون کی جماعتوں نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے ہوئے حضور انور کا استقبال کیا۔ بچوں اور بچیوں نے استقبالیہ گیت پیش کئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا۔ بعدازاں حضور انور نے بیت عمر کی بیرونی دیوار میں نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور بیت کے اندر تشریف لے گئے۔ جہاں ارنا کولم کی بیت عمر اور اس علاقہ میں تعمیر ہونے والی دیگر چار بیوت الذکر بیت العافیت کوڈونگلور (Kodungallur)، بیت ناصر Alapuzha، بیت محمود Palluruthi اور بیت الہدیٰ Ayirapuram کے افتتاح کے لئے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا۔

بیت کے دونوں ہال اور بیرونی احاطہ احباب جماعت مرد و خواتین سے بھرے ہوئے تھے۔ کوچین اور ارنا کولم اور اردگرد کے علاقہ کی جماعتوں سے احباب اور فیملیز صبح سے ہی جماعت کے اس سنٹر میں پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔ احباب اتنی بڑی تعداد میں اپنے پیارے آقا کے دیدار کے لئے موجود تھے کہ پاؤں رکھنے کے لئے جگہ نہیں ملتی تھی۔ ہر ایک کی کوشش تھی کہ ان مبارک اور بابرکت اور روحانیت سے پُر لمحات سے اپنی جھولیاں بھر لے۔ ان جماعتوں کو اور ان علاقوں میں بسنے والے عشاق احمدیت کو یہ گھڑیاں ایک صدی کے بعد نصیب ہوئی تھیں۔ یہ پیاسے آج سیراب ہو رہے تھے۔ ان کے دل بھی روشن تھے اور چہرے خوشی و مسرت سے معمور تھے۔ ان کی نظریں ہر وقت حضور انور کے چہرہ مبارک پر لگی رہتی تھیں۔

بیوت الذکر کے افتتاح کے تعلق میں تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم انصار مہدی صاحب نے کی۔ بعدازاں زونل امیر وی پی احمد کبیر صاحب نے ملیالم زبان میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنا تعارفی ایڈریس پیش کیا۔

ارنا کولم

ارنا کولم شہر جہاں بیت عمر تعمیر ہوئی ہے اور جہاں آج یہ تقریب منعقد ہو رہی تھی صوبہ کیرالہ کا بہت ہی مصروف شہر ہے اور تجارتی مرکز ہے۔ صوبہ کیرالہ کے اس زون میں آٹھ جماعتیں ہیں اور صوبہ کیرالہ کے اس جنوبی علاقہ میں احمدیت کا پیغام سب سے پہلے 1933ء میں مولانا عبداللہ صاحب کے ذریعہ پہنچا اور 1941ء میں یہاں باقاعدہ جماعت قائم ہوئی۔

بیت عمر

بیت عمر جہاں آج کی یہ تقریب ہو رہی ہے اس کا رقبہ 15 ہزار مربع میٹر ہے جہاں دو منزلہ بڑی خوبصورت اور بلند میناروں والی بیت تعمیر ہوئی ہے۔ احباب و خواتین کے لئے علیحدہ علیحدہ نماز کے ہال ہیں۔ مجموعی طور پر 1250 افراد نماز ادا کر سکتے ہیں۔ بیت کے ساتھ گیسٹ روم، لائبریری، دفاتر وغیرہ بھی تعمیر کئے ہیں۔ اس بیت کی تعمیر 50 لاکھ روپے میں ہوئی ہے جس میں سے 45 لاکھ روپے احباب جماعت کیرالہ اور کیرالہ کے ان احباب نے دیئے ہیں جو UAE میں مقیم ہیں۔

بیت العافیت

دوسری بیت جس کا آج افتتاح ہو رہا تھا کوڈونگلور (Kodungallur) میں چار ہزار چار سو مربع میٹر کے رقبہ پر تعمیر ہوئی ہے۔ یہ بیت ایک مخلص احمدی خاتون اہلیہ مکرم احمد اسماعیل صاحب نے اپنے ذاتی خرچ پر تعمیر کروائی ہے۔ اس بیت کی تعمیر پر قریباً تیس لاکھ روپے خرچ ہوئے ہیں۔

Kodungallur وہی جگہ ہے جہاں اسلام عرب میں ظہور ہونے کے بعد ابتدائی سالوں میں ہندوستان میں پہنچا۔ حضرت مالک بن دینارؒ عرب قافلوں کے ساتھ اسی جگہ آئے اور یہاں کے حکمران نے اسلام قبول کیا اور پھر اس نے مکہ کا سفر اختیار کیا اور یہی وہ جگہ ہے۔ جہاں ہندوستان کی سرزمین پر سب سے پہلی مسجد مسجد مالک بن دینار تعمیر ہوئی آج اس جگہ بیت العافیت تعمیر ہوئی ہے۔

بیت الہدیٰ

تیسری بیت الہدیٰ ہے۔ یہ بیت بھی دو منزلہ ہے اور جماعت آئراپورم (Ayira Puram) میں 3500 مربع میٹر کے رقبہ پر اٹھارہ لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہوئی ہے۔

بیت محمود

چوتھی بیت، بیت محمود ہے جو Palluruthi کے علاقہ میں تعمیر ہوئی ہے۔ یہ ایک پرانی بیت کو مزید وسعت دے کر تعمیر کی گئی ہے اور ساتھ مربی کے لئے رہائشی گھر بھی تعمیر کیا گیا ہے۔

بیت ناصر

پانچویں بیت ناصر ہے جو Alapuzha کے علاقہ میں تعمیر ہوئی ہے۔

زونل امیر وی پی احمد کبیر صاحب کے تعارفی ایڈریس کا اردو زبان میں ترجمہ مکرم محمد نجیب خان صاحب نے پیش کیا۔

حضور انور کا خطاب

بعدازاں دس بجکر پینتالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشہد و تعوذ کے بعد فرمایا:۔

الحمدللہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس جماعت کو یہ توفیق عطا فرمائی کہ اپنی ضرورت کے مطابق جو بیت میں اضافے کی ضرورت تھی، اس بیت کو وسعت دی اور دو بڑے خوبصورت ہال جیسا کہ رپورٹ میں بتایا گیا ہے تعمیر ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جنہوں نے اس بیت کے لئے قربانی دی۔ بہترین جزا دے اور ان کے اموال و نفوس میں برکت ڈالے۔

حضور انور نے فرمایا عموماً احمدی اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیوت الذکر بناتے ہیں۔ لیکن ہمیشہ یاددہانی بھی کروانی چاہئے اور ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے بیت بنانے کا مقصد یہ بتایا ہے کہ عبادت کے لئے لوگ آئیں اور صرف عبادت کریں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر قسم کے دنیاوی کاموں کے کرنے سے بچنا چاہئے، کسی بھی بیت میں جو خدا کی عبادت کے لئے بنائی گئی ہو اس میں دنیاوی کاموں کی طرف متوجہ نہیں ہونا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو جو حکم دیئے ہیں۔ اس میں دو اہم حکم ایسے ہیں جس میں قریباً سارے احکامات آ جاتے ہیں۔ ایک حقوق اللہ کی ادائیگی ہے اور دوسرے حقوق العباد کی ادائیگی ہے۔

حقوق اللہ کی ادائیگی میں نمازیں اور تمام عبادات آ جاتی ہیں اور حقوق العباد میں تمام وہ باتیں آ جاتی ہیں جو دوسروں کے حق ادا کرنے کے لئے ہوں اور اعلیٰ اخلاق پیدا کرنے اور پھیلانے کے لئے ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم خیر امت ہو۔ تم نیکیوں کی تلقین کرتے ہو اور برائیوں سے روکتے ہو۔ پس ہم احمدی جنہوں نے اس زمانے کے امام کو مانا ہے۔ یہ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ چودہ سو سال کے عرصہ کے بعد دینی تعلیم کو دوبارہ سمجھا اور اب سمجھنے کے بعد اس پر عمل کرنے اور اپنی زندگیوں میں لاگو کرنے کی کوشش کرنی ہے۔

حضور انور نے فرمایا یہ ٹائٹل یونہی نہیں مل گیا اس کے لئے عبادتوں کے اعلیٰ معیار قائم کرنے ہیں اور تمام نیکیاں اختیار کرنی ہیں جن کے کرنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اور ان باتوں سے رکنا ہے جن سے رکنے کا خدا تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا بیوت الذکر اس بات کی یاد دہانی کروانے کے لئے ہیں کہ جب بیوت الذکر میں آؤ تو تمہاری حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف توجہ پیدا ہو۔ نیکیاں کرنے کی طرف توجہ پیدا ہو اور برائیوں سے رکنے کی طرف توجہ پیدا ہو۔ پس یہ اینٹوں، سریے، بجری اور سیمنٹ کی عمارت بنا دینا کافی نہیں بلکہ اب اس کی تعمیر کے بعد اس کا حق ادا کرنے کی ضرورت ہے اور وہ حق اسی صورت میں ادا ہوگا جب ہم خدا کے حکم کے مطابق اس کو ادا کر رہے ہوں گے۔ خدا کے حضور جھکنے والے ہوں گے۔ خدا سے مدد مانگنے والے ہوں گے کہ خدا تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ اس کی عبادت کا حق ادا کرنے والے ہوں اور اس کی مخلوق کا حق ادا کرنے والے ہوں اور آپس میں پیار و محبت اور بھائی چارہ پھیلانے والے ہوں اور دین کا حقیقی پیغام جو پیار و محبت کا پیغام ہے اس کو اس علاقے میں، لوگوں میں اور معاشرے میں پھیلانے والے بنیں۔

حضور انور نے فرمایا پس بیت ایک سمبل (Symbol) ہے اللہ تعالیٰ کے بندوں کا اللہ تعالیٰ کی طرف جھکنے کے اظہار کا اور اس کے حکموں پر عمل کرتے ہوئے اس کی مخلوق کے حقوق ادا کرنے کا۔ پس ہر احمدی کو کوشش کرنی چاہئے کہ دونوں حقوق جس حد تک ممکن ہے ادا کرنے کی کوشش کرے۔

حضور انور نے فرمایا ابھی ہم نے جو تلاوت کی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا تھی جب خانہ کعبہ کی تعمیر کے لئے پتھر اٹھائے جا رہے تھے کہ اے خدا ہماری طرف سے اسے قبول کر لے اور ہماری ذریت میں سے ہماری نسل میں سے ایک فرمانبردار امت پیدا کر دے اور پھر انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کر جو ان پر تیری آیات کی تلاوت کرے اور

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

انہیں کتاب وحکمت سکھائے اوران کا تزکیہ کردے۔تو اس دعا کی قبولیت کے نتیجہ میں ہم نے دیکھا کہ خداتعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو مبعوث فرمایا اور آنحضرت ﷺ نے آکر قرآن کریم کی شریعت جو خداتعالیٰ نے آپؐ پر اتاری تھی، دنیا میں نافذ فرمائی۔

لیکن کیا آنحضرت ﷺ نے صرف احکامات دیئے۔ کیا دنیا کو صرف یہ بتایا کہ قرآن کریم مجھ پر اترا ہے اس پر عمل کرنا چاہئے۔نہیں بلکہ سب سے پہلے آپؐ نے اس پر عمل کرکے دکھایا۔اپنے صحابہؓ کے سامنے اپنی عبادت کے معیار قائم کرکے دکھائے۔اپنے صحابہؓ کے سامنے بندوں کے حقوق ادا کرنے کے معیار قائم کرکے دکھائے۔اس لئے جب حضرت عائشہؓ سے آنحضرت ﷺ کی سیرت کے بارہ میں پوچھا گیا تو آپ نے یہی جواب دیا کہ کیا تم نے قرآن کریم نہیں پڑھا۔آنحضرت ﷺ کی سیرت قرآن کریم کے ایک ایک لفظ کی گواہی دیتی ہے۔یا قرآن کریم کی ہر آیت اور ہر لفظ یہ گواہی دیتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اس پر عمل کرکے دکھایا اور ہمارے سامنے آپؐ کا اسوہ قائم ہوگیا۔

پھر اس آخری زمانہ میں حضرت اقدس مسیح موعود کی وفات کے بعد دائمی خلافت کا سلسلہ شروع ہوا۔ پس ان دعاؤں سے فیض پانے کے لئے ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہمارے سامنے ایک مقصد ہے۔ہم نے جب زمانے کے امام کو مانا ہے تو اس بات کو اور اس مقصد کو سامنے رکھ کر مانا ہے کہ اب ہم نے اپنے اندر انقلاب پیدا کرنے کی کوشش کرنی ہے۔جو آنحضرت ﷺ پیدا کرنے کے لئے مبعوث ہوئے تھے۔

اللہ تعالیٰ کی وحدانیت قائم کرنے کے لئے کوشش کرنی ہے۔قرآن کریم کے احکامات پر عمل کرنے کی کوشش کرنی ہے اور اس اسوہ پر عمل کرنے کی کوشش کرنی ہے جو آنحضرت ﷺ نے ہمارے سامنے قائم فرمایا اور جس پر چلنے کے لئے اس زمانے میں حضرت مسیح موعود نے بڑا زور دے کر اپنے ماننے والوں کو نصیحت فرمائی۔پس جب ہم اس اسوہ پر عمل کرنے والے ہوں گے تو ہم احمدیت قبول کرنے کا حق ادا کرنے والے ہوں گے اور بیوت کی تعمیر کا حق ادا کرنے والے ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا خدا کرے ہر احمدی ہمیشہ اس مقصد کو سامنے رکھنے والا ہو اور اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کرنے والا ہو۔اللہ تعالیٰ آپ کو یہ توفیق دے کہ یہ بیوت اللہ تعالیٰ کے پیغام کو اس علاقہ میں پھیلانے والی بنیں۔

حضرت مسیح موعود نے ایک جگہ فرمایا ہے کہ جب ہم بیت بناتے ہیں تو جہاں یہ مومنوں کو اکٹھا کرنے والی بنتی ہیں وہاں دین کے پیغام کو پھیلانے والی بھی بنتی ہیں۔پس اس بیت کے بنانے کے بعد آپ کی ذمہ داری اور بھی بڑھ گئی ہے۔جب اس خوبصورت بیت کو لوگ دیکھیں گے تو توجہ پیدا ہوگی اور لوگ اس بیت کی وجہ سے آپ لوگوں کی طرف کچھ سوالیہ استفسارات کے ساتھ آئیں گے۔پس ہر احمدی کو کوشش کرنی چاہئے کہ اپنے نیک نمونے قائم کرتے ہوئے آگے بڑھے اور احمدیت کے پیغام کو اپنے علاقے میں پھیلانے کے لئے کوشش کرے۔خدا آپ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور انور نے فرمایا جو مختلف بیوت بنی ہیں ان کے ناموں کا اعلان ہو چکا ہے۔جہاں جہاں یہ بیوت بنائی گئی ہیں خداتعالیٰ ان کے رہنے والوں کو توفیق دے کہ ان کا حق ادا کرنے والے ہوں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب کا ساتھ ساتھ ملیالم زبان میں ترجمہ مکرم محمد اسماعیل صاحب نے کیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطاب گیارہ بجے تک جاری رہا بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی جس کے ساتھ یہ افتتاحی تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

ملاقاتیں

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے گئے جہاں پروگرام کے مطابق ملاقاتیں شروع ہوئیں۔آج Trivandram Zone کی جماعتوں Kollam، Aclinecl، Kottaraklak، Jrivanelar، Mathra اور Karungappally سے آنے والی فیملیز نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔یہ لوگ 125 کلومیٹر سے لے کر 210 کلومیٹر تک کا فاصلہ طے کرکے اپنے پیارے آقا سے ملاقات کے لئے آئے تھے۔یہ لوگ دیوانہ وار حضور انور سے ملتے، اپنے محبوب امام کا دیدار کرتے، مرد احباب شرف مصافحہ حاصل کرتے، خواتین شرف زیارت پاتیں۔حضور انور ازراہ شفقت ان سے گفتگو فرماتے، ان کا حال دریافت فرماتے اور بڑے بچوں کو قلم اور کم عمر بچوں کو چاکلیٹ عطا فرماتے۔ہر خاندان حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پاتا جو ہمیشہ کے لئے ان کے گھروں کی زینت بنی رہیں گی۔

عہدیداران کو ہدایات

ملاقاتوں کا یہ پروگرام دوپہر بارہ بجے تک جاری رہا۔بعدازاں پروگرام کے مطابق صوبہ کیرالہ کے زونل امراء، زونل قائدین، صوبائی ناظم انصاراللہ، تین جماعتوں کے امراء، صوبائی سیکرٹری وقف نو اور صدر پبلیکیشن کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ ہوئی۔پہلے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سب عہدیداران کا تعارف حاصل کیا اور فرمایا صوبائی ناظم انصار اللہ کا عہدہ نئے قواعد میں ہے یا نہیں اس بارے میں پتہ کرلیں۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہر زونل امیر سے ان کے علاقہ کی جماعتوں کی تعداد، کمانے والوں کی تعداد، چندہ دہندگان کی تعداد، موصیوں کی تعداد اور لازمی چندہ جات اور حصہ آمد وغیرہ کے بجٹ اور اس سال اب تک کی وصولی کے بارہ میں جائزہ لئے۔اعدادوشمار پیش ہونے پر فرمایا کہ چندہ عام اور حصہ آمد کی الگ الگ تفصیل کا ریکارڈ رکھنا چاہئے۔

صوبائی سیکرٹری وقف نو نے کیرالہ کے واقفین نو بچوں اور بچیوں کے کوائف پیش کئے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ سال میں کم ازکم ایک دفعہ سیمینار منعقد کرنے کی ضرورت ہے۔اس میں مختلف شعبہ جات کے ماہرین کو دعوت دے کر ان سے تقریریں کروائی جائیں۔اس سلسلہ میں غیر از جماعت ماہرین سے بھی تعاون لیا جاسکتا ہے۔اسی طرح مختلف علوم کے ریسرچ سکالرز سے بھی رابطہ پیدا کرکے ان سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

حضور انور نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا۔اسی طرح امور طلباء کے تحت Ahmadiyya Students Association قائم کرکے مختلف عناوین پر سیمینار کئے جائیں اسی طرح معاشرہ کے تعلیم یافتہ مختلف شخصیتوں میں احمدیت کا تعارف ہوگا۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہر شعبہ کو تقویٰ کی بنیاد پر اپنے کاموں میں جدت اور زور پیدا کرنا چاہئے۔مثلاً تربیتی شعبہ اگر فعال ہو تو امور عامہ کا بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا ایک بات ضرور یاد رکھنی چاہئے کہ اگر کسی جگہ جماعتی نظام فعال نہیں تو ذیلی تنظیموں کا یہ فرض بنتا ہے کہ اپنی اپنی حد بندی اور چاردیواریوں کے اندر رہتے ہوئے فعال بننے کی کوشش کریں۔اس صورت میں جماعتی نظام کے اندر بھی جمود کی کیفیت دور ہو جاتی ہے اور اس سے عمومی رنگ میں جماعت میں بیداری پیدا ہو جاتی ہے۔

صدر صاحب پبلیکیشن نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ اس خلافت جوبلی سال میں اس شعبہ نے 28 کتابیں شائع کی ہیں۔ان میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی کتاب Revelation Rationality کا ملیالم زبان میں ترجمہ بھی شامل ہے۔

اس پر حضور انور نے فرمایا کہ اس کتاب کی کاپیاں ریزرو رکھ کر وہ لوگ جو Broad Minded اور Well Educated ہیں اور جو ہماری کتابیں پڑھنے کے شوقین ہیں ان کو دینا چاہئے۔دوسرا جماعتی لٹریچر تو مذہبی رجحان دیکھ کر اس کے مطابق منتخب کرکے تقسیم کیا جاسکتا ہے۔نیز مختلف عناوین پر پمفلٹس، فولڈرز بھی شائع کرکے تقسیم کرنا چاہئے۔یہ بھی دعوت الی اللہ کے لئے اچھا ذریعہ ہے۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ میں نے برٹش پارلیمنٹ میں جو تقریر کی ہے۔اس کا ترجمہ کرکے وسیع پیمانے پر تقسیم کرنا چاہئے۔اسی طرح کتاب اسلامی اصول کی فلاسفی اور پیغام صلح کی بھی وسیع پیمانے پر اشاعت کی ضرورت ہے۔اسی طرح کتاب شرائط بیعت اور ایک احمدی کی ذمہ داریاں کا ترجمہ کرواکر شائع کی جائے۔

ایک جماعت کے امیر صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے دریافت کیا کہ اگر کوئی مخیرّ دوست غریب اور محتاج احمدیوں میں تقسیم کرنے کے لئے کوئی رقم دے تو کیا اس کو تقسیم کرنے کی اجازت ہے؟ حضور انور نے فرمایا کہ اگر دینے والا شخص رسید کا مطالبہ کرتا ہے تو اسے رسید دینی چاہئے۔اس صورت میں جماعتی نظام کے تحت صدقات کی مد سے امداد ہوتی رہتی ہے۔لیکن اگر باقاعدہ رسید کا مطالبہ نہیں کرتا تو امیر جماعت کو یہ اختیار ہے کہ یہ رقم لوکل غرباء و مستحقین میں اس کی منشاء کے مطابق تقسیم کردے۔

ایک سوال پر کہ کوئی شخص امیر یا صدر جماعت کو Involve کئے بغیر ذاتی طور پر امداد کرے تو اس کی اجازت ہے یا نہیں۔حضور انور نے فرمایا کہ ذاتی طور پر صدقہ وخیرات کرنے سے کسی کو منع نہیں کیا جاسکتا۔لیکن جماعتی نظام کے تحت صدقہ وخیرات کیا جائے تو بہتر ہوگا۔

زکوٰۃ کی تقسیم کے بارہ میں حضور انور نے فرمایا کہ کوئی شخص اپنی زکوٰۃ کی رقم میں سے کسی غریب رشتہ دار کو اپنی طرف سے بطور مدد دینا چاہتا ہے تو اس کی اجازت نہیں ہے۔اپنی زکوٰۃ کی رقم مرکز بھجوانی ضروری ہے۔البتہ مرکز کو اطلاع دی جاسکتی ہے کہ یہاں لوکل طور پر فلاں فلاں غریب اور محتاج لوگ ہیں جو زکوٰۃ وامداد کے مستحق ہیں۔

سیکرٹری صاحب وقف نو نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں استفسار کیا کہ جو واقفین نو بچے پڑھائی میں سست ہیں اور پڑھائی کا ان کو شوق نہیں ان کے بارے میں کیا کارروائی کی جاسکتی ہے؟ حضور انور نے فرمایا ان کو ان کے اپنے رجحان کے مطابق Mechanic، Electrition، Plumber وغیرہ اس قسم کے پیشوں میں ان کو ٹریننگ دینی چاہئے۔اس طرح ان سے جماعت کے لئے کام لیا جاسکتا ہے۔بہرحال یہ کوشش کرنی چاہئے کہ کوئی بھی واقف نو ضائع نہ ہو۔

کالی کٹ میں سکول کی تعمیر اور بیت القدوس سے ملحقہ پلاٹ کی خرید کے ضمن میں بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بعض ہدایات دیں۔

آخر پر ناظر اعلیٰ صاحب نے حضور انور کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور انور کے اس بابرکت دورہ کے دوران احباب جماعت کی ملاقاتوں، ان کے قیام و طعام کے تمام اخراجات کیرالہ کے بعض مخیرّ احمدی احباب خود برداشت کر رہے ہیں۔ان سب کے لئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

میٹنگ کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اجتماعی دعا کروائی اور سب عہدیداران کو شرف مصافحہ عطا فرمایا اور تصویر بنوانے کا شرف عطا فرمایا۔

یہ میٹنگ ڈیڑھ بجے تک جاری رہی۔بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت عمر میں تشریف لاکر نماز ظہر وعصر جمع کرکے پڑھائیں۔

نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کے بعد دو بجے دوپہر

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پولیس کے Escort میں تاج ہوٹل تشریف لے آئے۔

ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق ساڑھے پانچ بجے سہ پہر تاج ہوٹل سے بیت عمر کے لئے روانگی ہوئی۔ پولیس نے قافلہ کو Escort کیا۔ پانچ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت عمر پہنچے اور اپنے دفتر تشریف لے گئے جہاں ملاقاتوں کا پروگرام شروع ہوا۔

آج شام کے اس سیشن میں Ernakulam Zone کی سات جماعتوں Alappuzha، Kochin، Ayira Puram، Kodungallur، Muwattupuzha، Kakkaned اور Pallaruthy کے 995 احباب مردوزن نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے شرف ملاقات حاصل کیا۔

صوبہ لکش دویپ (Lukshdweepe) سے آنے والے بعض احباب نے بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ یہاں سے آنے والے لوگ دو دن کا سمندری سفر طے کرکے اپنے پیارے آقا کی ملاقات اور دیدار کے لئے پہنچے تھے۔ اس طرح صوبہ تامل ناڈو اور صوبہ آندھرا پردیش سے بھی بعض فیملیز اور خاندان بڑے لمبے سفر طے کرکے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے لئے یہاں ارناکولم پہنچے۔ یہ سبھی وہ لوگ تھے جو اپنی زندگیوں میں پہلی بار اپنے پیارے آقا کا دیدار کررہے تھے۔ بڑے لمبے سفر طے کرکے یہ فیملیز حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کے لئے پہنچی تھیں۔ ان چند مبارک گھڑیوں اور بابرکت لمحات کے حصول کے لئے پہنچی تھیں جو ان کو اور ان کی آئندہ نسلوں کی زندگی کا سرمایہ بننے والے تھے۔ یہ کیسے ہی مبارک لمحات تھے جو انہیں ایسا اطمینان اور تسکین قلب عطا کر گئے جو کروڑوں روپے خرچ کرنے سے بھی نہیں ملتے۔

میڈیا کوریج

ملیالم زبان کے سب سے بڑے اخبار Mathrubhumi جس کے قارئین کی تعداد ڈیڑھ کروڑ سے زائد ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی کوچین (Kochin) آمد کی خبر دیتے ہوئے اپنی اشاعت 29 نومبر 2008ء میں لکھا۔

احمدیہ خلیفہ کوچین تشریف فرما ہوئے

احمدیہ...... جماعت کے پانچویں خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد کوچین تشریف لائے۔ جمعہ کی شام سوا سات بجے King Fisher جہاز میں کالی کٹ سے کوچین وارد ہوئے۔ خلیفہ کو ایئرپورٹ پر پُرخلوص خوش آمدید کہا گیا۔ مستورات سمیت سینکڑوں عقیدت مندوں نے آپ کا استقبال کیا۔ سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے تھے۔

ارناکولم میں سینٹ بینڈک روڈ پر واقع (بیت) عمر کا افتتاح ہفتہ کے روز صبح نو بجے خلیفہ فرمائیں گے اور اس کے ساتھ ہی پلورونی، آئرا پورم، کوڈونگلور اور Alapuzha کے مقامات میں نئی تعمیر شدہ (بیوت الذکر) کے افتتاح کا بھی اعلان فرمائیں گے۔

انگریزی زبان کے اخبار Indian Express نے اپنی 29 نومبر 2008ء کی اشاعت میں لکھا۔

مسرور احمد کا شاندار، پُرجوش استقبال

جماعت احمدیہ کے پانچویں خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب کو جمعہ کی شام کو Kochin ایئرپورٹ پر شاندار طریق سے ریسیو (Receive) کیا گیا۔ آپ خلافت جوبلی کی صد سالہ تقریبات میں شرکت کے لیئے پہلی بار انڈیا تشریف لائے ہیں۔ آپ کوچین (Kochin) میں نئی تعمیر شدہ (بیت) عمر کا افتتاح بھی فرمائیں گے اور اپنے پیروکاروں سے مختلف پروگراموں میں خطاب بھی کریں گے۔ آپ کے استقبال کے لئے ہزاروں احمدی ایئرپورٹ آئے ہوئے تھے۔

30 نومبر 2008ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہوٹل کے ایک ہال میں جو نماز کے لئے مخصوص کیا گیا تھا۔ تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی اپارٹمنٹ میں تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور سرانجام دیئے۔

پروگرام کے مطابق سوا دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پولیس کے Escort میں احمدیہ بیت عمر ارناکولم کے لئے روانہ ہوئے۔ پولیس کی گاڑی اپنے مخصوص سائرن کے ساتھ جب قافلہ کو Escort کرتی ہے تو سڑک پر چلنے والی ٹریفک آہستہ ہوجاتی ہے اور بعض جگہ رک جاتی ہے جب تک سارا قافلہ گزر نہیں جاتا۔ لوگوں سے بھری ہوئی مارکیٹوں سے جب یہ قافلہ گزرتا ہے تو دکاندار خرید وفروخت کرنے والے اور راہ چلتے مسافر اور گھروں کے مکین سبھی کی نظریں اس قافلہ پر ہوتی ہیں۔

بیت عمر، سڑک کے نیچے اترنے کے بعد ایک گلی کے اندر ہے جونہی حضور انور کی گاڑی اس گلی کے اندر داخل ہوتی ہے تو دونوں طرف آباد مکین اپنے مکانوں کی دیواروں کے ساتھ آ کھڑے ہوتے ہیں۔ بعض اپنے گھروں کی بالکونیوں میں کھڑے ہوتے ہیں اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو آتے اور جاتے ہوئے دیکھتے ہیں۔

مقامی جماعت نے اس ساری گلی کو ہی سجایا ہوا ہے اور بیت تک کے راستہ کو جھنڈیوں سے آراستہ کیا ہوا ہے۔ پھر بیت کو چاروں طرف سے بجلی کے روشن قمقموں سے مزین کیا گیا ہے اور یہ بلند و بالا میناروں والی بیت بہت خوبصورت لگتی ہے اور حضور انور کی مبارک آمد سے سارے علاقہ کی جہاں روحانی زینت کا موجب بنی ہوئی ہے۔ وہاں ظاہری زینت کا موجب بھی ہے۔

ساڑھے دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت عمر پہنچے اور اپنے دفتر تشریف لے آئے۔ جب بھی حضور انور بیت تشریف لاتے ہیں تو احباب کا ایک ہجوم حضور انور کی آمد کا منتظر ہوتا ہے۔ حضور انور کے چہرہ مبارک پر نظر پڑتے ہی ان کے ہاتھ بلند ہو جاتے ہیں اور السلام علیکم حضور کی آوازیں ہر طرف سے بلند ہوتی ہیں۔ حضور انور اپنا ہاتھ بلند کرکے ان کے سلام کا جواب دیتے ہیں اور اپنے ان عشاق کے درمیان سے گزرتے ہوئے اپنے دفتر تشریف لاتے ہیں۔

ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق ساڑھے دس بجے Palaghat Zone کی جماعتوں کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات شروع ہوئی درج ذیل نو جماعتوں Manndarghat، Alanallus، Muriyakanni، Kavasseri، Koduvayur، Palaklad، Chavakkad، Chelakkara اور Pallipuram کے 1190 احباب جماعت مردوزن نے حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ ان جماعتوں سے آنے والے خاندان 100 کلومیٹر سے لے کر دو صد کلومیٹر تک کا فاصلہ طے کرکے ملاقات کے لئے پہنچے تھے۔ چھوٹے بڑے سبھی ایک جذبہ سے سرشار تھے۔ ان کے چہروں پر خوشی و مسرت کی لہریں تھیں۔ یہ قطاروں میں کھڑے اس لمحہ کے منتظر تھے۔ جب انہیں اپنی زندگیوں میں پہلی بار حضور انور کا دیدار نصیب ہونا تھا۔ انہوں نے حضور انور سے باتیں کرنی تھیں۔ اپنا حال بیان کرنا تھا۔ ہر ایک اپنے دل میں اپنے سینہ میں عشق و محبت کی ایک داستان سموئے ہوئے تھا۔ ہر ایک کی عقیدت کا اپنا اپنا رنگ تھا۔ یہ لوگ مسکراتے ہوئے کمرہ ملاقات میں داخل ہوتے اور خوشی کے آنسوؤں کے ساتھ باہر نکلتے۔ بعض تو اپنے جذبات پر قابو رکھتے اور بعض ایسے بھی تھے کہ جو آنسو بھی بہاتے اور ایک دوسرے سے مل کر خوشی کا اظہار کرتے کہ اللہ تعالیٰ نے آج کا یہ دن دکھایا ہے۔ جس کے دیکھنے کے لئے ان کے آباء و اجداد میں سے کئی نسلیں گزر گئیں۔ یہ لوگ اپنی خوش قسمتی پر رشک کرتے تھے۔ ملاقاتوں کا یہ پروگرام بارہ بجے تک جاری رہا۔

واقفین نو کی کلاس

بعدازاں پروگرام کے مطابق واقفین نو بچوں کی کلاس حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شروع ہوئی۔ اس کلاس میں صوبہ کیرالہ کی مختلف جماعتوں کے واقفین نو بچے شامل ہوئے۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزم حافظ محمد ابوالوفا نے کی اور اس کا انگریزی زبان میں ترجمہ عزیزم حسین رحمٰن نے پیش کیا۔ بعدازاں عزیزم سعید احمد نے آنحضرت ﷺ کی ایک حدیث پیش کی اور اس کا انگریزی زبان میں ترجمہ عزیزم عبدالواسع نے پیش کیا۔

حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام

لوگو سنو کہ زندہ خدا وہ خدا نہیں
جس میں ہمیشہ عادت قدرت نما نہیں

خوش الحانی سے عزیزم عاقب سلیمان نے پیش کیا۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پندرہ سال اور اس سے اوپر کی عمر کے بچوں سے دریافت فرمایا کہ کیا آپ نے اپنا وقف فارم پُر کردیا ہوا ہے۔ حضور انور نے فرمایا آپ کو خود وقف کرنا چاہئے کہ ہم وقف کے لئے تیار ہیں۔ ہمارے والدین نے جو ہمیں وقف کیا تھا۔ جو فارم پُر کیا تھا۔ ہم اس کے لئے تیار ہیں۔ اب آپ نے خود نیا فارم پُر کرنا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچوں سے دریافت فرمایا کہ جامعہ میں کتنے جائیں گے، میڈیسن اور انجینئرنگ میں کون کون جائے گا۔ اسی طرح اساتذہ کون بنیں گے۔ حضور انور نے فرمایا کہ آپ سب اس کیرالہ سٹیٹس کی مختلف جماعتوں سے ہیں۔ اپنے اپنے سیکرٹری وقف نو سے رابطہ کریں کہ کونسی فیلڈ ایسی ہے جو جماعت کے لئے زیادہ مفید ہے اور مجھے وہ اختیار کرنی چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا جنہوں نے ابھی اپنے مستقبل اور کسی شعبہ کو اختیار کرنے کے بارہ میں فیصلہ نہیں کیا وہ اپنے سیکرٹری سے پوچھیں۔

حضور انور نے فرمایا آپ نے جماعت کے لئے خدا کی خاطر زندگی وقف کی ہے۔ اب آپ نے جماعت کی خدمت کرنی ہے اور اپنے اندر انقلابی تبدیلی پیدا کرنی ہے۔ پانچوں نمازوں کی ادائیگی کا اہتمام کریں۔ قرآن کریم کی تلاوت روزانہ کرنی ہے۔ اس کی عادت ڈالیں۔ اپنے والدین، رشتہ داروں اور دوسرے لوگوں کے ساتھ بہت اچھا برتاؤ کرنا ہے۔ اچھا سلوک کرنا ہے۔ آپ کے عمل سے لوگوں کو پتہ چلے کہ آپ لوگ دوسروں سے مختلف ہیں۔ آپ کا عمل، آپ کا کردار ہر پہلو سے مثالی اور اعلیٰ ہونا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا اپنی تعلیم کی طرف پوری توجہ دیں اور دوسری اردگرد کے ماحول کی Activities میں زیادہ Involve نہ ہوں۔ جو وقت پڑھائی سے بچے وہ کھیل کودیں لیکن ٹی وی اور انٹرنیٹ پر اپنا وقت ضائع نہ کریں۔ یہ چیزیں مستقبل کو تباہ کردیتی ہیں۔ ایسی فلمیں نہ دیکھیں جو...... احمدیت کی روایات کے خلاف ہیں۔ یہاں اس قسم کی بہت سی فلمیں ہندو کلچر کی ہیں۔ کرسچین کلچر کی ہیں۔ آپ کو صرف Knowledge، علم ہونا چاہئے۔ لیکن ان سب چیزوں سے بچیں۔ ان سے بچنا ضروری ہے۔ یہ آپ پر اثر انداز نہ ہوں۔ آپ کے مذہب، دین پر اثر انداز نہ ہوں۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچوں سے فرمایا کہ کوئی سوال پوچھنا ہے تو پوچھیں۔ ایک بچے نے سوال کیا کہ حضور کو کیرالہ کیسا لگا؟ حضور انور نے فرمایا بڑا اچھا لگا بہت خوبصورت جگہ ہے

اگرچہ موسم گرم ہے۔ سرسبز و شاداب ہے۔

ایک بچے نے دریافت کیا کہ حضور دوبارہ کب آئیں گے؟ حضور انور نے فرمایا جب اللہ لائے گا۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچوں کو قلم اور ٹوپیاں عطا فرمائیں۔ واقفین نو بچوں کی یہ کلاس ساڑھے بارہ بجے اپنے اختتام کو پہنچی۔

واقفاتِ نو کی کلاس

اس کے بعد بارہ بجکر پینتیس منٹ پر واقفات نو بچیوں کی کلاس حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ شروع ہوئی۔ اس کلاس میں مختلف جماعتوں سے 37 واقفات نو بچیاں شریک ہوئیں۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزہ امۃ الحفیظ نے پیش کی اور جس کا انگریزی زبان میں ترجمہ عزیزہ درشہوار نے پڑھ کر سنایا۔ بعدازاں عزیزہ ٹی فائزہ نے آنحضرت ﷺ کی حدیث پیش کی اور اس کا ترجمہ عزیزہ نصیحہ نے پیش کیا۔ اس کے بعد عزیزہ ملیحہ محمود نے خوش الحانی سے نظم پڑھ کر سنائی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچیوں سے دریافت فرمایا کہ وقف نو سکیم کیا ہے؟ ایک بچی نے جواب دیا کہ یہ وہ بچے اور بچیاں ہیں جن کو ان کے والدین نے جماعت کے لئے وقف کر دیا ہوا ہے۔

حضور انور نے 15 سال اور اس سے بڑی عمر کی بچیوں سے دریافت کیا کہ کتنی بچیاں ہیں جنہوں نے باقاعدہ اپنا وقف کا فارم پُر کر دیا ہوا ہے۔ اس پر کافی بچیوں نے اپنے ہاتھ کھڑے کئے۔ اس پر حضور انور نے اظہار خوشنودی فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دریافت فرمانے پر دو بچیوں نے پروفیشنل کورسز اور باقی زیادہ تر بچیوں نے ٹیچنگ لائن میں جانے کے ارادہ کا اظہار کیا۔

جب یہ ذکر ہوا کہ یہاں اکثر سکول Coeducation ہیں تو حضور انور نے بچیوں کو باپردہ رہنے اور اپنے آپ کو سمیٹ کر رکھنے کی تلقین فرمائی۔ حضور انور نے فرمایا کہ بچیوں کی دوستیاں بچیوں سے ہی ہونی چاہئیں اور واقفات نو بچیوں کو معاشرے میں اپنا اعلیٰ نمونہ پیش کرنا چاہئے۔

بعدازاں ایک بچی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں بعض کتب پیش کیں۔ اس کلاس کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچیوں کو سکارف عطا فرمائے۔

ایک بجکر دس منٹ پر یہ کلاس اختتام کو پہنچی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کچھ دیر کے لئے اپنے دفتر تشریف لے گئے جہاں ناظر اعلیٰ صاحب قادیان نے بعض امور سے متعلق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ہدایات اور راہنمائی حاصل کی۔

ڈیڑھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت عمر میں تشریف لاکر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پولیس کے Escort میں تاج ہوٹل تشریف لے گئے۔

پچھلے پہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور دفتری امور سرانجام دیئے۔

تقریب عشائیہ

آج شام پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اعزاز میں کیرالہ کی جماعتوں کی طرف سے تاج ہوٹل میں ایک تقریب عشائیہ (Reception) کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں علاقہ کی مختلف شخصیات شامل ہوئیں۔ شامل ہونے والے مہمانوں میں ممبر پارلیمنٹ، نیشنل اسمبلی، دیگر سرکردہ احباب، پروفیسرز، ڈاکٹرز، وکلاء، تاجر حضرات اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ڈیڑھ صد سے زائد مہمان شامل ہوئے۔

پونے آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس تقریب میں شمولیت کے لئے تشریف لائے۔ حضور انور کی آمد سے قبل تمام مہمان حضرات اپنی نشستوں پر بیٹھ چکے تھے۔ جونہی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ ہال میں داخل ہوئے تمام مہمانوں نے کھڑے ہو کر حضور انور کا استقبال کیا۔ بعض مہمانوں نے حضور انور کو اپنا تعارف کروایا۔

تقریب کا آغاز آٹھ بجے تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جو مکرم محمد سلیم صاحب نے پیش کی اور بعدازاں اس کا انگریزی زبان میں ترجمہ پیش کیا۔

بعدازاں پروفیسر عبدالجلیل صاحب لوکل امیر نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور اس تقریب میں شرکت کرنے والے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور اپنے اس تعارفی ایڈریس میں حضرت اقدس مسیح موعود کی آمد اور جماعت احمدیہ کا قیام اور خلافت احمدیہ کا تعارف کروایا۔

ممبر پارلیمنٹ کا خطاب

بعدازاں ممبر پارلیمنٹ Hon. Sebastian Paul نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے کہا۔

مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ آپ کی جماعت دنیا کے 193 ممالک میں پھیلی ہوئی ہے۔ آپ اور دوسرے فرقوں میں بعض نظریاتی اختلافات ہیں مگر میرے لئے قرآن شریف ہی حکم ہے جو ہمیں محبت، رحم اور انسانی ہمدردی کی تعلیم دیتا ہے۔

ہم آجکل ایک بہت ہی مشکل دور میں زندگی گزار رہے ہیں اور بنیادی سوال یہ ہے کہ ہم واپس امن کی طرف کیسے جائیں؟ آپ کی جماعت نے تمام دنیا کو اپنی تعلیم سے روشن کر دیا ہے اور اس مشن کو آگے بڑھتے رہنا چاہئے۔

موصوف نے کہا مجھے امید ہے کہ حضور انور کا دورہ ہمارے معاشرے میں ایک نئی روح پھونک دے گا۔ جس کے ذریعے ہم مختلف مذاہب ایک دوسرے کے لئے برداشت سے کام لیں گے۔ مجھے امید ہے کہ آپ کا پیغام دنیا کی بہبودی اور بھلائی کے لئے ایک مشعل راہ ثابت ہوگا۔ میں آپ کو کوچین (Kochin) شہر میں خوش آمدید کہتا ہوں۔

پروفیسر صاحب کا ایڈریس

ممبر پارلیمنٹ کے ایڈریس کے بعد پروفیسر ایم کے ساہنو (M.K. Sahno) نے اپنا ایڈریس پیش کیا۔

موصوف نے کہا پیارے حضور آج کوچین میں موجود ہیں۔ مجھے اس سے بہت خوشی ہے کہ جماعت احمدیہ دنیا میں امن پھیلانے کا کام کر رہی ہے۔ اس جماعت کی جہاد کے بارے میں تعریف یہ ہے کہ اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کرنے کی کوشش کی جائے اور یہی بات مذاہب میں ملتی ہے۔ تمام مذاہب میں یہ پایا جاتا ہے کہ تمام انسانوں سے نیک، اچھا سلوک کیا جائے۔ چونکہ جماعت احمدیہ یہی کام سرانجام دے رہی ہے۔ اس لئے میں تمام دنیا میں شانتی اور امن پھیلانے والی اس جماعت کا عقیدتمند ہوں اور ہر طرح سے اس کی کامیابی کا خواہاں ہوں۔

حضور انور کا خطاب

ان دونوں مہمان حضرات کے ایڈریسز کے بعد ساڑھے آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انگریزی زبان میں خطاب فرمایا۔

حضور انور نے تشہد و تعوذ کے بعد فرمایا۔

میں تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو آج کی اس تقریب میں شامل ہو رہے ہیں۔ آپ نے اپنی دوستی کا حق ادا کر دیا ہے اور آپ کی شمولیت سے اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ آپ کی نظر میں دوسروں کے لئے کیا عزت اور اعلیٰ جذبات ہیں۔

حضور انور نے فرمایا بھارت ایک بہت بڑا ملک ہے اور اس میں مختلف مذاہب کے لوگ رہتے ہیں۔ قوموں کو اور مذاہب کو Survive کرنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک دوسرے کے احساسات کا خیال رکھیں۔ آجکل دنیا میں مختلف مذاہب ہیں۔ تمام مذاہب کے بانیوں نے یہ تعلیم دی کہ اپنے پیدا کرنے والے کی عبادت کریں اور اس کی مخلوق کے حقوق ادا کریں۔

آج سے چودہ سو سال قبل آنحضرت ﷺ کو خدا تعالیٰ نے مبعوث فرمایا۔ آپؐ پر قرآن کریم کی صورت میں شریعت نازل ہوئی۔ تب سے آج تک قرآن کریم اپنی اصلی صورت میں موجود ہے اور مستشرقین کو بھی اس بات کا اقرار ہے۔

قرآن کریم کے مطالعہ سے ہمیں مختلف امور کے بارہ میں تعلیم اور احکام ملتے ہیں۔ مثلاً کون کون سے انبیاء آئے، خدا اور مخلوق کے تعلق میں کیا احکام ہیں، قرآن کریم ہمیں بتاتا ہے کہ دنیا میں آئندہ ہونے والی ایجادات کیا ہوں گی۔ اسی طرح خرید و فروخت، تجارت کس طرح کرنی ہے۔

حضور انور نے فرمایا خلاصۃً قرآن کریم کی تعلیم کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے ایک یہ کہ حقوق اللہ کی ادائیگی اور دوسرے مخلوق خدا کے حقوق کی ادائیگی۔

قرآن کریم کی تعلیم کو سمجھنے کے لئے بندے کو پاک دل اور پُرعزم ہونا چاہئے۔ آنحضرت ﷺ نے اپنے صحابہ کو اپنے عملی نمونہ سے قرآن کریم سکھایا ہے اور پھر صحابہ نے دوسروں کو سکھایا ہے۔

حضور انور نے فرمایا ہم یہ ایمان رکھتے ہیں کہ ہر ایک صدی کے سر پر خدا تعالیٰ مجدد بھیجتا رہا۔ جو دین کی سچی اور صحیح تعلیمات کو پھیلانے کے ذمہ دار تھے۔ بعض مجدد انڈیا میں بھی آئے۔

سال 1889ء میں حضرت مرزا غلام احمد مبعوث ہوئے اور آپ نے مسیح اور مہدی ہونے کا دعویٰ کیا۔ ہم آپ کی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ لوگوں کو متحد کرنے کے لئے آئے تھے۔ آپ کا مشن ایک خدا کے حضور بندوں کو لا کھڑا کرنا تھا۔ تاکہ بندے اپنے پیدا کرنے والے کو پہچانیں۔ سبھی ایک خدا کے تحت آئیں اور آپس میں بھائی چارہ اور اخوت و محبت کی فضا پیدا ہو اور ایک دوسرے کے حقوق ادا ہوں۔

حضرت مسیح موعود نے خود فرمایا ہے کہ میرے آنے کا مقصد خدا اور بندے کے تعلق کو مضبوط کرنا ہے تاکہ انسان اپنے پیدا کرنے والے کے قریب آئے اور خدا کا حق بھی ادا کرے اور اس کی مخلوق کا حق بھی ادا کرے۔

حضور انور نے فرمایا خدا تعالیٰ کا کلام بسا اوقات تمثیلات میں ہوتا ہے اور عام دنیا کے لئے سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے خدا تعالیٰ اپنے انبیاء مبعوث فرماتا ہے۔

احمدی دنیا میں امن کے قیام کی خاطر آپ کی تعلیم پر عمل پیرا ہیں تاکہ دنیا امن کا گہوارہ بن جائے۔

حضور انور نے فرمایا قرآن شریف دنیا کی بہترین قوم اس لئے قرار دیتا ہے کہ وہ لوگوں کی بہبودی کی خاطر پیدا کئے گئے ہیں۔ مگر یہ اسی صورت میں ہوگی۔ جب لوگ خدا تعالیٰ کے احکامات پر عمل پیرا ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا ہمیں انصاف پر قائم ہونا چاہئے۔ اب انصاف کس طرح قائم ہوسکتا ہے اور امن کا قیام کس طرح ہوسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

جب بھی تم کوئی بات کرو تو عدل سے کام لو خواہ کوئی قریبی ہی کیوں نہ ہو اور اللہ کے ساتھ کئے گئے عہد کو پورا کرو۔ (الانعام:153)

پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ”کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو“۔ (المائدہ:9)

پس ہم میں سے ہر ایک کو انصاف پر قائم ہونا چاہئے اور دوسروں سے بھی اس بات کی توقع کرنی چاہئے۔ قرآن شریف نے یہی حکم دیا ہے کہ انصاف پر قائم رہو اور اگر تمہیں اپنے عزیز رشتہ دار کے خلاف بھی گواہی دینی پڑے تو دو۔ مسائل تب کھڑے ہوتے ہیں جب لوگ اپنے مذموم مقاصد کی خاطر انصاف سے ہٹ جاتے ہیں اور ایک دفعہ یہ ہو جائے تو پیدا ہونے والی شکایات کا ازالہ مشکل ہوتا ہے۔

پھر بین الاقوامی تعلقات میں قرآن کریم یہ حکم دیتا ہے کہ تمام دشمنیاں ختم کر دو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں سمیع و علیم خدا ہوں۔ تم ایک انسان کو تو دھوکہ دے سکتے ہو مگر خدا کو نہیں۔ جب تم معاہدے کرو تو کھلے دل کے ساتھ انصاف اور ایمانداری پر قائم رہتے ہوئے کرو۔ یہ خوبصورت تعلیم معاشرے سے تمام دشمنی ختم کر دیتی ہے۔

ایک دفعہ ایک یہودی آنحضرت ﷺ کے پاس آیا اور ایک صحابی کے ساتھ اپنے قرض کے معاملے میں مدد کی درخواست کی۔ اس صحابی کو بلوایا گیا۔ انہوں نے عرض کی میرے پاس ابھی رقم کی ادائیگی کا انتظام نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قرض کی ادائیگی کا انتظام کرو اس صحابی نے دوبارہ عرض کی کہ یا رسول اللہ میرے پاس اس وقت طاقت نہیں۔ آپ ﷺ کے تیسری بار حکم دینے پر وہ صحابی بازار گئے اور اپنی قمیص جو انہوں نے پہنی ہوئی تھی۔ بیچ کر قرض کی ادائیگی کا انتظام کیا۔ پس یہ ہے وہ تعلیم جو آنحضرت ﷺ نے معاشرے کو پُرامن رکھنے کی خاطر پیش کی۔

لوگ دین پر انتہاء پسند ہونے کا الزام لگاتے ہیں۔ مگر دین درحقیقت امن اور محبت کا علمبردار مذہب ہے۔

اس کے بالمقابل آجکل دنیا میں مختلف جنگوں اور حملوں میں عام لوگ بے گناہ مارے جا رہے ہیں۔ یہ معصوم لوگ ہی ہیں جو زیادہ تر حملوں کا شکار ہوتے ہے۔ دین نے کبھی اس بے رحمی کا درس نہیں دیا مگر یہ بات آجکل کے بعض گروہ بھول جاتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا حضرت اقدس مسیح موعود نے ہمیں یہ تعلیم دی ہے کہ آجکل کے زمانے میں تلوار کا جہاد نہیں ہے بلکہ قلم کے جہاد کا وقت ہے۔ آپ کے بعد آپ کے خلفاء نے اسی بات کی تعلیم اپنی جماعت کو دی۔ مذہب میں کوئی جبر نہیں اور کسی بھی مذہب کے بانی کے خلاف بدزبانی جائز نہیں۔

ہمیں اپنے خدا کی طرف واپس جانا ہوگا۔ آجکل بہت سے لوگ اپنے کاموں میں مگن ہیں اور دوسروں کے حقوق کی پرواہ نہیں کرتے۔ اس وجہ سے دنیا تباہی کی طرف جا رہی ہے اور آئندہ نسلیں ہمیں اس بات پر مورد الزام ٹھہرائیں گی۔ پس یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم دنیا کی آئندہ نسلوں کو اس خطرہ سے بچائیں۔ اللہ ہمیں توفیق دے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطاب نو بجے تک جاری رہا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔

کھانے کے پروگرام کے بعد مہمان باری باری حضور انور کے پاس آتے۔ شرف مصافحہ حاصل کرتے۔ حضور انور ان سے گفتگو فرماتے۔ بعض مہمانوں کو حضور انور نے تحائف بھی عطا فرمائے۔ مہمانوں سے ملاقات کا یہ پروگرام رات دس بجے تک جاری رہا۔ اس کے بعد یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے رہائشی اپارٹمنٹ میں تشریف لے گئے۔

مہمانوں کے تاثرات

آنے والے مہمانوں میں سے ایک بی آرنارن صاحب تھے۔ موصوف ہندو مذہب سے تعلق رکھتے ہیں اور Amrata ٹی وی ان کے پروگرام آتے ہیں۔ انہوں نے استقبالیہ تقریب میں حضور انور سے ملاقات کرنے کے بعد کہا۔

"آج کا دن میری زندگی کا ایک عظیم دن ہے کہ میں ایک عظیم روحانی راہنما سے ملاقات کر رہا ہوں۔ اتنے بڑے عظیم راہنما سے میری کبھی ملاقات نہیں ہوئی۔ آپ کا خلیفہ پوپ سے بھی بڑھ کر ہے۔ آج دنیا میں جس قدر بھی لوگ زندہ ہیں ان سب میں سب سے بڑے مرتبے والا یہ انسان ہے۔ انہوں نے جماعت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے میرا ہاتھ اپنے خلیفہ کے ہاتھ میں دے کر مجھ پر بہت بڑا احسان کیا ہے اور آپ کی جماعت UNO سے بھی بڑھ کر ہے"۔

سی کے نیلا کندن (Kandan) جو ایک ادیب اور لیکچرار ہیں۔ اسی طرح کالن چرن راج صاحب جو ادیب ہیں۔ ان دونوں نے اس استقبالیہ تقریب کے بعد اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ:

"آپ کا فرقہ جماعت احمدیہ دنیا میں سب سے زیادہ آزاد خیال والا فرقہ ہے۔ آپ لوگ ساری دنیا کی آزادی کے لئے مؤثر کوشش کرنے والے ہیں۔ آپ کی ہر طرح عزت افزائی اور مدد ہونی چاہئے اور آپ کو اوپر اٹھانے کی ہر ممکن کوشش کرنا ہم سب کے لئے باعث عزت اور برکت ہوگا"۔

اور اج گوپالن جو سابق ممبر پارلیمنٹ اور ریلوے منسٹر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ:

"میں نے اپنی زندگی میں اگر کسی کو سب سے زیادہ جھک کر سلام کیا ہے تو وہ آپ کے خلیفہ ہیں۔ یہ صاحب قدرے تاخیر سے تقریب میں پہنچے تھے۔ انہوں نے کالی کٹ میں حضور انور سے ملاقات کے دوران کہا کہ آپ کی تقریر کا سکرپٹ مجھے دیا جائے میں ساری تقریر پڑھنا چاہتا ہوں"۔

گوپال کرشنن صاحب جو ملیالم زبان کے سب سے بڑے اخبار "ماتر بھومی" کے چیف ایڈیٹر ہیں اور انہوں نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انٹرویو بھی لیا تھا۔ انٹرویو لینے کے بعد انہوں نے احباب سے کہا کہ یہ میرے لئے بڑی ہی عزت کا مقام ہے کہ اتنی بڑی عظیم مذہبی شخصیت سے میں نے ملاقات کی ہے اور مجھے ان کا انٹرویو لینے کی توفیق ملی ہے۔

استقبالیہ تقریب میں شرکت کرنے والے ایک غیر احمدی دوست جو ہومیو میڈیکل کالج کے پرنسپل ہیں انہوں نے حضور انور کو دیکھتے ہی احمدی احباب سے کہا کہ یہ چہرہ ایک عظیم روحانی شخصیت کا چہرہ ہے۔ مجھے بھی ان سے ملاقات کا موقع دلایا جائے۔ چنانچہ انہوں نے بعد میں حضور انور سے ملاقات کی اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔

درخت وُجود

اگر کسی دشتِ بے اماں میں
جو آب و خاکِ روئیدگی سے
کسی بھی امکانِ زندگی سے
نا آشنا ہو
کبھی جو تم معجزہ یہ دیکھو
اک ایسا تنہا درخت پاؤ
جو سو برس تک، لمحہ لمحہ فنا سے لڑ کر
پتّہ پتّہ قضا سے جُھڑ کر
محیطِ عالم پہ چھا گیا ہے
تمہارے آنگن تک آ گیا ہے
تو جان لینا
یہی درختِ وجود ہے وہ
کہ جس کے سایۂ عافیت میں
تمہارے اِمروز کی پناہ ہے
تمہارے فردا کی بھی بقا ہے
یہ روشنی، دھوپ اور ہوا ہے
کہ ربِّ کونین کی عطا ہے
یہی رضا ہے
یہی جزا ہے

مبشر احمد محمود

وصایا

ضروری نوٹ

